DAILY 42
جمعۃ المبارک 31 اکتوبر 2014ء

جمعۃ المبارک 31

محفوظ انتقال خون کیلئے بلڈ بنکس کی رجسٹریشن کا فیصلہ

چار رکنی کمیٹی لائسنس جاری کرے گی: سلمان رفیق کی زیر صدارت فیصلہ

برڈ ووڈ روڈ (زاہد چودھری) سرکاری اور پرائیویٹ بلڈ بنکس کے کم از کم معیار کو یقینی بنانے کے ساتھ رجسٹریشن کا عمل تیز کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے جبکہ غیر رجسٹرڈ بلڈ بنکس کے خلاف کریک ڈاؤن کرنے کا بھی جائزہ لیا گیا۔ چار رکنی کمیٹی لائسنس جاری کرے گی، بلڈ ٹرانسفیوژن اتھارٹی کا اجلاس صوبائی ادارہ ترقی صحت برڈ ووڈ روڈ پر منعقد ہوا جسکی صدارت مشیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کی۔ اجلاس میں پروفیسر ڈاکٹر نعمان، پروفیسر ڈاکٹر عامر زمان، بریگیڈیئر ڈاکٹر مقبول عالم، ڈاکٹر جعفر سلیم، ڈاکٹر سہیل ثقلین، ڈاکٹر محمد جمیل اور ڈی جی پی آئی ٹی بی عامر چودھری سمیت اتھارٹی کے ممبران شریک ہوئے۔